پیدائش کے بنیادی حقوق کا حقائق نامہ

birthrights

پیدائش کے بنیادی حقوق کا حقائق نامہ

s کے حقائق نامے آپ کو اپنے انسانی حقوق کے بارے میں تب معلومات فراہم کرتے ہیں جب آپ حاملہ ہوں اور بچے کی پیدائش ہونے والی ہو۔

یہ حقائق نامہ زچگی کی نگہداشت میں آپ کے بنیادی حقوق کی وضاحت کرتا ہے۔ ہمارے پاس ہماری ویب سائٹ پر انگریزی میں دیگر حقائق نامے بھی دستیاب ہیں: www.birthrights.org.uk

1. آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کے ساتھ تمام وقت عزت و احترام کے ساتھ پیش آیا جائے۔

انسانی حقوق کے قانون کا مطلب ہے کہ سرکاری تنظیموں جیسے ہسپتالوں کو آپ کے ساتھ عزت و احترام کے ساتھ برتاؤ کرنا چاہیئے۔

نگہداشت صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین (ڈاکٹروں اور مڈوائفز/دایاؤں) کو آپ کے ساتھ شائستگی اور احترام کے ساتھ پیش آنا چاہیئے۔

انہیں اپنی نگہداشت کے بارے میں فیصلے لینے میں آپ کی معاونت کرنی ہو گی۔

انہیں آپ اور آپ کو مطلوب نگہداشت کے بارے میں مفروضے قائم نہیں کرنے چاہئیں۔

آپ کے نگہداشت صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین کو یہ یقینی بنانا ہو گا کہ اگر آپ کو ایک ترجمان کی ضرورت ہے تو یہ آپ کے لئے دستیاب ہے تاکہ آپ اپنی نگہداشت کے بارے میں فیصلے کر سکیں۔

جب آپ کو ضرورت ہو تو آپ کو رازداری حاصل ہونی چاہیئے، مثال کے طور پر وضع حمل کے دوران یا اگر آپ اپنا دودھ پلا رہی ہوں، اور آپ کو خطرے میں یا غیر محفوظ محسوس کرتے ہوئے تنہا نہیں چھوڑنا چاہیئے۔

اگر آپ کی کوئی مخصوص ضروریات ہیں، مثال کے طور پر، آپ صرف خاتون نگہداشت صحت پیشہ ورانہ ماہرین سے ملاقات کرنا چاہتی ہیں، تو اگر ممکن ہو تو اس کا احترام کیا جانا چاہیئے۔ اگر ایسا ممکن نہیں ہے – مثال کے طور پر، آپ وضع حمل کے دوران درد سے نجات چاہتی ہیں اور صرف مرد ڈاکٹرز دستیاب ہیں – تو آپ کو فیصلہ کرنے کے لیے ضرورت کے مطابق معلومات فراہم کی جانی چاہیئے کہ کیا کرنا ہے۔

اگر آپ معذوری کی حامل ہیں یا صحت کا طویل مدتی کوئی عارضہ ہے، تو آپ کی نگہداشت صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین کو یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ آپ کو نگہداشت تک یکساں رسائی حاصل ہے اور کسی چیز سے محروم نہیں رکھا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کو مختلف یا اضافی نگہداشت دینا، یا آپ کو وہ معاونت فراہم کرنا جس کی آپ کو ضرورت ہے (مثال کے طور پر، معذوروں کے ٹوائلٹ تک رسائی حاصل ہونا، آپ کے بچے کی پیدائش ہونے کے بعد اضافی مدد حاصل ہونا، یا اگر شور آپ کے لئے تکلیف کا باعث بن رہا ہے تو ممکنہ طور پر کسی خاموش جگہ منتقل کرنے کا منصوبہ بنانا)۔

2. آپ کو ہمیشہ نہیں کہنے کا حق حاصل ہے۔

جب آپ حاملہ ہوں تو آپ کو اپنے جسم کے بارے میں خود اپنے فیصلے کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے، بالکل اسی طرح جیسے آپ کسی اور وقت میں کرتی ہیں۔

صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین یہ لازمی پوچھیں کہ کیا آپ کسی طبی علاج سے اتفاق کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، انہیں آپ کا معائنہ کرنے سے پہلے، آپ کا بلڈ پریشر لینے سے پہلے، اور آپ کو درد سے نجات کی دوا دینے سے پہلے آپ سے لازمی پوچھنا چاہیئے۔ یہ قانون ہے۔

جب تک آپ متفق نہ ہوں آپ کو طبی علاج فراہم کرنا قانون کے خلاف ہے۔

نہیں کہنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ اسے رضا مندی مسترد کرنا کہتے ہیں۔

اگر آپ علاج چاہتی ہیں اور ہاں کہتی ہیں، تو اسے رضامندی دینا کہا جاتا ہے۔

اگر آپ کو ضرورت ہو تو اپنا فیصلہ کرنے کے لئے آپ مزید وقت طلب کر سکتی ہیں۔

اگر آپ رضامندی دے دیتی ہیں تب بھی، آپ اپنا ارادہ بدل سکتی ہیں۔

یہاں تک کہ اگر صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین آپ کے جسم کے بارے میں آپ کے فیصلوں سے اتفاق نہیں کرتے، تو انہیں ان کا احترام کرنا چاہیئے۔

قانون میں، آپ کی رضامندی حقیقی ہونی چاہیئے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو فیصلہ لینے کے لئے علاج کو کافی اچھی طرح سے سمجھنا چاہیئے۔ آپ کو ایک فارم میں معلومات دی جانی چاہئیں جسے آپ سمجھ سکتی ہوں، اور خطرات اور فوائد دونوں کے بارے میں معلومات بھی جو آپ کے لئے اہم ہیں۔

آپ کے اہل خانہ یا نگہداشت صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین سمیت کسی کو بھی، آپ پر دباؤ نہیں ڈالنا چاہیئے یا آپ پر کسی علاج کروانے پر رضامند ہونے کے لئے زور زبردستی نہیں کرنی چاہیئے۔ آپ کو محض آپ کے ہاں پیدائش کے بارے میں آپ کے کیے جانے والے فیصلوں کی وجہ سے سماجی خدمات سے رجوع کرنے کا حوالہ نہیں دیا جا سکتا ہے۔

قانون کے مطابق، ایک بچہ جب تک پیدا نہیں ہو جاتا ہے، اسے حقوق حاصل نہیں ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ حمل اور پیدائش کے دوران آپ کو علاج نہیں دیا جا سکتا جب تک کہ آپ رضامند نہ ہوں، چاہے اگر نگہداشت صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین کو لگتا ہو کہ آپ کے نامولود بچے کو علاج کی ضرورت ہے۔ آپ طبی مشورے کے برخلاف انتخابات کرنے کے لئے آزاد ہیں۔

صرف اس وقت دوسرے لوگ آپ کی جانب سے فیصلے کر سکتے ہیں جب آپ کے پاس فیصلہ کرنے کی ذہنی صلاحیت کی کمی ہو۔ ایسا انتہائی شاذو نادر ہوتا ہے۔ جب ایسا ہوتا ہے، تو دوسروں (مثال کے طور پر، آپ کے ڈاکٹرز) کو آپ کے 'بہترین مفادات' میں فیصلہ کرنے کے لئے مینٹل کیپیسٹی ایکٹ (Mental Capacity Act) میں قانونی عمل کاریوں پر عمل کرنا ہو گا۔

3. جب آپ نگہداشت طلب کرتی ہیں، تو زچگی خدمات کو چاہیئے کہ لازماً 'ہاں' سے شروع کریں اور نہیں صرف تب کہنا چاہیئے جب ان کے پاس کوئی معقول وجہ ہو۔

اگر آپ کسی خدمت تک رسائی حاصل کرنا چاہتی ہیں، تو زچگی فراہم کار کو 'ہاں سے شروع کرنا' چاہیئے۔ انہیں آپ کی درخواست پوری کرنے کے لئے پوری کوشش کرنی چاہیئے۔

آپ کی نگہداشت کے دوران، آپ کو وہ انتخابات کرنے کا حق حاصل ہے جو آپ کے لئے صحیح ہوں۔ مثال کے طور پر، آپ کو یہ انتخاب کرنے کا حق ہے کہ آپ پیدائش کہاں چاہتی ہیں۔ آپ کسی ہسپتال میں، گھر پر یا پیدائشی مرکز (زچگی یونٹ جسے دایائیں چلاتی ہیں) میں پیدائش کا انتخاب کر سکتی ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپ کو عمل جراحی سے پیدائش دینے کے قابل ہونا چاہیئے۔

بعض اوقات آپ کے بعض انتخابات کرنے کے حقوق پر پابندیاں ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر، پیدائشی مراکز میں یہ قواعد موجود ہو سکتے ہیں جو بیان کرتے ہیں کہ کون انہیں استعمال کر سکتا ہے، یا ہسپتالوں میں اس بارے میں قواعد ہو سکتے ہیں کہ کس کی پانی سے پیدائش ہو سکتی ہے۔ یہ قانونی قواعد نہیں ہیں۔

جب آپ زچگی خدمت کی درخواست کرتی ہیں، تو انہیں وہ کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے جو آپ چاہتی ہیں۔ انہیں صرف تب نہیں کہنا چاہیئے اگر وہ آپ کو بحفاظت وہ نگہداشت نہیں دے سکتے ہیں جو آپ چاہتی ہیں۔

انہیں آپ کی ذاتی صورتحال کی بنیاد پر فیصلہ کرنا ہو گا اور آپ کو اس کی وجوہات بتانی ہوں گی۔

وہ صرف یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان کی پالیسی یا قواعد 'منع' کرتے ہیں۔

کچھ انتخابات ایسے ہیں جنہیں آپ ہمیشہ اپنا سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ گھر پر پیدائش چاہتی ہیں، تو کوئی بھی آپ کو ہسپتال جانے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ مڈوائفز یا ڈاکٹروں کی معاونت کے بغیر پیدائش دینا بھی قانونی عمل ہے۔

اگر آپ کی بات نہیں سنی جا رہی ہے، یا آپ کے انتخابات کا احترام نہیں کیا جا رہا ہے، تو آپ ہیڈ آف مڈوائفری (Head of Midwifery) (سینئر مڈوائف) سے بات کرنے کا کہہ سکتی ہیں۔ آپ ای میل کے ذریعے مشورے کے لئے بھی Birthrights سے رابطہ کر سکتی ہیں: advice@birthrights.org.uk.

4. آپ کو اپنی تمام بنیادی ضروریات پوری کروانے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ ہسپتال میں ہیں، تو آپ کو اپنی ضرورت کی تمام بنیادی ضرورت چیزوں تک رسائی حاصل کرنے کے قابل ہونا چاہیئے، مثال کے طور پر، کھانا، پانی، درد کش دوا اور ٹوائلٹ جانے کے لئے مدد.

جب آپ مدد یا نگہداشت کا کہیں تو آپ کی بات سنی جانی چاہیئے اور اسے سنجیدگی سے لینا چاہیئے۔

اگر آپ وضع حمل میں درد کش دوا طلب کرتی ہیں، تو یہ دی جانی چاہیئے ماسوائے اگر نہیں کہنے کی کوئی اچھی طبی وجہ ہو۔ اگر موجود ہو، تو آپ کے ڈاکٹر یا مڈوائف کو آپ کو اس کی وجہ بتانی چاہیئے اور آپ کی گفتگو کو ریکارڈ کرنا چاہیئے۔

اگر آپ کی بات نہیں سنی جا رہی ہے، تو آپ وارڈ میں سینئر مڈوائف یا ڈاکٹر سے بات کرنے کا کہہ سکتی ہیں۔

5. آپ کو بطور ایک خاندان معاونت حاصل ہونے اور ایک ساتھ ہونے کا حق حاصل ہے۔

انسانی حقوق آپ کو یہ انتخاب کرنے کا حق دیتے ہیں کہ کہاں اور کیسے جنم دینا ہے، اور کون آپ کے ساتھ ہو۔

آپ کو یہ انتخاب کرنے کے قابل ہونا چاہیئے کہ وضع حمل کے دوران کون آپ کے ساتھ ہو گا۔ ہسپتالوں اور پیدائشی مراکز میں پالیسیاں لاگو ہو سکتی ہیں جو بیان کرتی ہیں کہ کتنے لوگ آپ کے ساتھ ہو سکتے ہیں، اور وہ عام طور پر بچوں کو آپ کے ساتھ ٹھہرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ یہ ہسپتالوں کی پالیسیاں ہیں لیکن یہ قانونی اصول نہیں ہیں۔ اگر آپ پریشان ہوں تو آپ اپنی مڈوائف سے بات کر سکتی ہیں یا سینئر مڈوائف سے بات کرنے کا کہہ سکتی ہیں۔

آپ اپنی مڈوائف کو بتا سکتی ہیں کہ کیا کوئی ایسا فرد ہے جس سے آپ وضع حمل کے دوران یا اپنے بچے کی پیدائش ہونے کے بعد ملنا نہیں چاہتی ہیں۔

6. آپ شکایت کرنے کا حق رکھتی ہیں۔

آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کی نگہداشت کے دوران آپ کے ساتھ تمام وقت عزت و احترام کے ساتھ پیش آیا جائے۔

اگر آپ اپنے حمل کے دوران اپنی نگہداشت کے بارے میں پریشان ہیں، تو آپ اپنی مڈوائف یا ڈاکٹر سے، یا اپنے ٹرسٹ میں مڈوائفری کی سربراہ(Head of Midwifery) (سینئر مڈوائف) سے بات کر سکتی ہیں۔(Trust)

اگر آپ جواب سے مطمئن نہیں ہیں، یا اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ عزت و احترام سے برتاؤ نہیں کیا گیا، تو آپ شکایت کر سکتی ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ جو آپ کے ساتھ ہوا وہ معمولی نوعیت کا تھا یا کوئی سنگین نقصان نہیں ہوا تھا تب بھی شکایت کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

آپ کے ہسپتال میں مشورہ اور رابطہ خدمت برائے مریض (PALS) ٹیم (The Patient Advice and Liaison Service (PALS) team) شکایت کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔

اگر آپ جواب سے مطمئن نہیں ہیں، تو آپ اپنی شکایت محتسب کے پاس لے جا سکتی/سکتے ہیں۔

Birthrights آپ کے حقوق اور شکایت کرنے کے بارے میں بھی مفت مشوروں کی پیشکش کرتی ہے۔ آپ ای میل کر کے Birthrights سے رابطہ کر سکتی ہیں: advice@birthrights.org.uk.

7. آپ ہمیشہ نگہداشت موصول کرنے کا حق رکھتی ہیں۔

وہ افراد جو برطانیہ میں 'عام طور پر رہائشی' ہیں انہیں NHS کی مفت نگہداشت کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ 'عام طور پر رہائشی' نہیں ہیں تو آپ کو اپنی نگہداشت کے لئے ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔

چاہے اگر آپ کو نگہداشت کی ادائیگی کرنی ہے اور ادائیگی کرنے کی متحمل نہیں ہو سکتی ہیں، تب بھی آپ کو زچگی نگہداشت لازمی فراہم کی جائے گی۔ آپ کو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ جب تک آپ ادائیگی نہیں کرتیں، آپ کو انتظار کرنا ہو گا۔

اس کی ادائیگی کون کرے گا، اور معاوضہ وصولی کیسے کام کرتی ہے کے بارے میں قوانین خاصے پیچیدہ ہیں۔ اگر آپ اس بارے میں پریشان ہیں کہ آیا آپ کو اپنی زچگی نگہداشت کے لئے ادائیگی کرنی پڑے گی یا نہیں، تو چیریٹی Maternity Action مدد کر سکتی ہے۔ وہ آن لائن معلومات کی پیشکش کرتے ہیں۔ وہ ایک ای میل مشورہ خدمت اور مفت ٹیلیفون مشورہ سروس بشمول ٹیلیفون ترجمانی کی بھی پیشکش کرتے ہیں۔

لاتعلقی کا اعلان: ہماری معلوماتی پرچی یو کے میں رائج قانون کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ معلومات اسے تحریر کرنے کے وقت درست ہیں (مئی 2021)۔ اس شعبے کے قوانین کسی بھی وقت تبدیل ہو سکتے ہیں۔ اگر قانون میں تبدیلیاں، اس پرچی کو ناکارہ بنائیں تو برتھ رائٹس (Birthrights) کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ اس معلوماتی پرچی میں موجود معلومات پر انحصار کے نتیجے میں ہونے والے نقصان کے لیے برتھ رائٹس (Birthrights) کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔ جہاں کہیں تیسرے فریق کی ویب سائٹیں مزید متعلقہ معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہیں، برتھ رائٹس (Birthrights) نے ان ویب سائٹوں کی لِنکس فراہم کی ہے۔ برتھ رائٹس (Birthrights) ان دی گئی لِنک والی ویب سائٹوں کے مواد کے لیے کوئی ذمہ داری نہیں لیتی اور ان لِنکس کو ان کے معتبر ہونے کی توثیق تصور نہیں کیا جائے۔